دوسرا سمسٹر II Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	ستمبر 2021

پرچہ : تعلیم کی سماجیانہ بنیادیں

Paper - B9ED201CCT : Sociological Foundation of Education

جملہ نشانات **: 70** Maximum. Marks — Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. تعلیم اور سماجیات میں کیا رشتہ ہے؟ مثالوں کے ذریعہ بتائیے۔
2. ثقافت سے کیا مراد ہے؟ ثقافت کے مختلف پہلوؤں کو مختصراً بیان کیجیے۔
3. ثقافتی تکثیریت سے کیا مراد ہے؟ ہندوستان میں ثقافتی تکثیریت کو لاحق خطرات کون سے ہیں؟
4. سماجی تبدیلی کے عمل میں معلم کے رول کو واضح کیجیے۔
5. جدت پسندی اور تعلیم میں کیا تعلق ہے؟ مختصراً بیان کیجیے۔
6. سیکولرزم کا مفہوم واضح کرتے ہوئے اس کو مستحکم بنانے کی حکمت عملیاں پیش کیجیے۔
7. جمہوریت کو فروغ دینے میں معلم کے رول کو واضح کیجیے۔
8. ''تعلیم تاعمر جاری رہنے والا عمل ہے'' وضاحت کیجیے۔
9. قومی یکجہتی کے فروغ میں غیر سرکاری تنظیمیں کس طرح کا کردار ادا کرتی ہیں؟
10. کمرۂ جماعت میں امن کو ترقی دینے والے طریقے بتائیے۔

حصہ دوم

11. سماجیانے کے عمل (Socialisation) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بچے کے سماجیانے کے عمل میں مخصوص اداروں کے کردار کی وضاحت کیجیے۔
12. ثقافت کے تحفظ، ترسیل اور فروغ میں تعلیم کیا کردار ادا کرتی ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔
13. جدت پسندی سے کیا مراد ہے؟ جدت پسندی کی کوئی پانچ اہم خصوصیات بیان کیجیے۔
14. جمہوریت کے اصول بیان کیجیے۔ جمہوریت کے استحکام میں تعلیم کے رول پر اظہار خیال کیجیے۔
15. سماجی بحران سے کیا مراد ہے؟ اس کے اقسام بیان کیجیے۔ سماجی بحران کے انتظام کی مختلف حکمت عملیاں واضح کیجیے۔

☆☆☆